لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم رجب المرجب ۱۳۳۵ھ مطابق ۲۳ اپریل ۱۹۱۷ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ محمد اکبر خاں صاحب سپرنٹنڈنٹ سائل	۱
۲	رخصت سید آل حسن صاحب انسپکٹر آبکاری	۲
۳	بحالی مرزا احمد علی عرف چھن میاں	"
۴	امتحان وکلاء بابت اگست ۱۹۱۶ء	"
۵	تبادل منشی نوازش علی خاں اہلمد و منشی محمد رفیق خاں محرر	"
۶	رخصت احمد حسین خاں محرر دوم بارود خانہ	"
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۵ اپریل ۱۹۱۷ء

حسب سفارش جناب ہوم سکرٹری بہادر و بموجب رپورٹ مینجر صاحب اسٹیٹ فیکٹریز مبلغ پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ محمد اکبر خاں سپرنٹنڈنٹ سائل مشاہرہ دار پچاس روپیہ ماہوار منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۱۲ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

رخصت دہ روزہ میاں آل حسین الپکٹر ابکاری کی حسب منظوری حضور معلّٰی روز روانگی سے منظور کیگئی۔

بحالی

۱۸ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

حسب تحریر صاحب چیف سکرٹری بہادر بمنشاء بندگان عالی حضور معلّٰی دام اقبالہم و ملکہم مرزا احمد علی عرف مُنّن میاں بعہدہ و تنخواہ سابقہ بحال کیے گئے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۳ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

چند سال سے امتحان وکلاء ملتوی کر دیا گیا ہے۔ اب چونکہ چند وکلاء کے نام بوجہ فوتی وغیرہ خارج ہو گئے اور تعداد وکلاء میں کمی ہو گئی ہے۔ اسلیے امتحان وکلاء ہو جانا مناسب ہے جسکے لیے حسب ذیل احکام صادر کیے جاتے ہیں۔

(۱) اگست سنہ ۱۹۱۷ء میں امتحان وکلاء ہوگا۔ اور

(۲) حسب ذیل کتب میں امتحان ہوگا۔

الف صیغہ مال۔ آئین عامرہ۔ دستور عامرہ۔ ضوابط عامرہ۔ قواعد عامرہ قانون قبضہ اراضی ممالک مغربی و شمالی ایکٹ ۲ سنہ ۱۹۰۱ء۔ قانون مالگذاری ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء قانون رسوم عدالت ایکٹ ۷ سنہ ۱۸۷۰ء۔ قانون اسٹامپ ہند ایکٹ ۲ سنہ ۱۸۹۹ء

ب صیغہ دیوانی۔ قانون میعاد سماعت مجموعہ ضابطہ دیوانی۔ کتاب الشہادت۔ دستور العمل فرائض منصفی و جیکاران۔ دستور العمل قرق اموال۔ قواعد استصواب حلف مجریہ ۱۹ جولائی سنہ ۱۹۱۳ء روبکار اجلاس عالیہ مصدرہ ۲۰ ربیع الاول سنہ ۱۳۳۲ھ نسبت لزوم تحریر تنقیح و ربیع و رہن وغیرہ۔ ضابطہ دیوانی اصول شرع محمدی مولفہ میگناٹن۔ اصول دھرم شاستر مولفہ میگناٹن ابواب میراث۔ قانون سرٹیفکیٹ ولایت ایکٹ ۸ سنہ ۱۸۹۰ء۔ قانون سرٹیفکیٹ جانشینی ایکٹ ۷ سنہ ۱۸۸۹ء۔

ج۔ فوجداری۔ مجموعہ تعزیرات ہند۔ مجموعہ ضابطہ فوجداری۔

د متفرقات۔ قانون رجسٹری ریاست۔ دستور العمل نظران ریاست مجریہ سنہ ۱۹۱۳ء قانون رجسٹری ہند ایکٹ ۱۶ سنہ ۱۹۰۸ء۔ قانون شہادت ایکٹ ۱ سنہ ۱۸۷۲ء۔

(۳) جو اشخاص امتحان میں شریک ہونا چاہیں انکو لازم ہے کہ یکم جولائی سنہ ۱۹۱۷ء تک درخواست شرکت امتحان صاحب سرشتہ دار ججی ریاست ہذا کی خدمت میں پیش کریں۔ درخواست مذکور میں اُس درجہ کی تصریح کیجائے جس میں درخواست گذار کو امتحان دینا ہے۔ نیز درخواست گذار کا نام ولدیت قومیت سکونت وضاحت سے تحریر کیجائے۔ درخواست مذکور کے ساتھ اُس درجہ کی فیس شرکت امتحان (جس درجہ کا امتحان دینا ہو) داخل کیجائے۔ فیس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

درجہ اول ۵ روپے۔ درجہ دویم ۳ روپے۔ درجہ سویم ۲ روپے۔

درخواست کے ساتھ ایک سارٹیفکیٹ جسکا نمونہ منسلک روبکار ہذا ہے مصدقہ کسی مجسٹریٹ یا منصف یا عہدہ دار مال کا جو تحصیلدار سے کم درجہ کا نہو پیش کیا جائیگا۔

(۴) تاریخ ہائے امتحان اور طریقہ و مقام امتحان بعد ازیں مقرر کر کے شائع کیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی ایک ایک نقل جملہ عدالتہائے شہر و مفصلات کو بھیجی جائے اور دو ہفتہ تک گزٹ سرکاری میں شائع کیجائے

دستخط جوڈیشل سکرٹری بہادر

نمونہ سرٹیفکیٹ منسلکہ روبکار ہذا

میں (یہاں نام حاکم یا عہدہ دار تصدیق کنندہ بقید عہدہ ہونا چاہیے) تصدیق کرتا ہوں

مسمّٰی .... ولد .... ساکن .... کا ہر اور عمر اُسکی .... سال ہے با عمدہ نیک وخوش رویہ ہے اور وہ اُردو زبان میں درستی و روانی سے گفتگو کر سکتا ہے۔ تحریر بتاریخ .... ماہ .... سنہ .... ء

دستخط تصدیق کنندہ

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

بنظر مناسب .... حکم ہوا کہ

منشی نوازش علیخان اہلمد اجراء و منشی فیض خان محرر محافظ خانہ دیوانی باہم اپنی تنخواہ پر تبدیل کر دیے جائیں اور احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط جوڈیشل سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

رخصت

۲۰ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

احمد حسین خان منصرم دوم باورچیخانہ ہندوستانی کی رخصت دس یوم حسب تصدیق صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص بوجہ اپنے مسہل منظور ہوئی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۵ لغایت ۲۱ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ سار	۹ سار	۷ سار	۹ سار	کہنہ ۸ سار جدید ۸ سار	۹ سار	
نخود خالص	۱۲ سار	۱۳ سار	۱۲ سار	۱۴ سار	۱۲ سار	۱۲ سار	
نخود کسر آمیز	۱۴ سار	۱۵ سار	۱۴ سار	۱۵ سار	۱۲ سار	۱۴ سار	
کسرہ	۱۵ سار	۰	۱۵ سار	۱۶ سار	۱۳ سار	۱۴ سار	
ماش	۸ سار	۸ سار	۸ سار	۸ سار	۷ سار	۸ سار	
مونگ	۸ سار	۰	۸ سار	۰	۶ سار	۸ سار	
مکا	۱۱ سار	۰	۱۲ سار	۱۲ سار	۱۱ سار	۱۲ سار	
جئی	۱۴ سار	۰	۱۳ سار	۱۶ سار	۱۳ سار	۱۵ سار	
گوجئی	۰	۱۲ سار	۰	۰	۱۱ سار	۱۲ سار	
مسور	۱۱ سار	۱۰ سار	۱۰ سار	۱۰ سار	۷ سار	۱۰ سار	
ارہر	۱۰ سار	۰	×	۰	۸ سار	۱۴ سار	
برنج	۵ سار	۷ سار	۷ و ۸ سار	۸ سار	۷ سار	۸ سار	
روغن زرد	۰ سار	۰ سار	۰ سار	۰ سار	۰ سار	۰ سار	
روغن سیاہ	۲ سار	۲ سار	۲ سار	۲ سار	۲ سار	۲ سار	
روغن کنجد	۱ سار	۱ سار	۱ سار	۱ سار	۱ سار	۱ سار	
نمک سانبھر	۱۰ سار	۱۳ سار	۱۲ سار	۱۱ سار	۱۱ سار	۱۲ سار	
نمک لاہوری	۶ سار	۱۰ سار	۸ سار	۸ سار	۹ سار	۹	
قند سیاہ	۵ سار	۵ سار	۴ سار	۴ سار	۴ سار	۵ سار	
باجرہ	۱۰ سار	۰	×	۰	۱۰ سار	×	